© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرہ کتب

## البرکات المکیہ فی الصلوات النبویہ

تالیف: الشیخ الحدیث مولانا محمد موسیٰ الروحانی البازی صفحات ۲۴۸ - ہدیہ: درج نہیں۔

ناشر ادارۃ التصنیف والادب، جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ مسلم ٹاؤن لاہور۔ علمی دنیا شیخ الحدیث مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی سے اچھی طرح متعارف ہے موصوف صف اول کے کامیاب مدرس، جید فاضل اور محقق مصنف ہیں ان کی عظیم علمی تحقیق اور تاریخی کاوشوں کی ایک دنیا معترف ہے عربی زبان دانی اور انشا پردازی میں وہ برصغیر کے شکیب ارسلان ہیں۔ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رح کے سانحہ ارتحال پر ان کا عربی قصیدہ فتح الصمد بنظم اسماء الاسد عربی نظم میں اپنی نظیر نہیں رکھتا اور بظاہر آسان نہیں کہ آئندہ بھی کوئی ان کی راہ چل سکے۔ اسلام کی نگاہ میں کسی شخص کا محض عالم فاضل ہونا کوئی وقعت نہیں رکھتا جب تک کہ علم وفضل اور دانش و آگہی کے ساتھ تقویٰ نیکوکاری اطاعت اور عشق رسول بھی شامل نہ ہوں مولانا روحانی بازی کو اللہ نے علمی تبحر کے ساتھ ساتھ جذبہ عشق سے معمور دلِ بینا اور اطاعت رسول سے پر نور ذہنِ رسا کی لازوال دولت سے بھی نوازا ہے البرکات المکیہ اسی کا ایک عکس جمیل بلکہ شاہد عدل ہے

اس کتاب میں بھی وہ قرآن وسنت کی روشنی میں اپنی راہ چلے ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے ۸۰۵ اسماء مبارکہ پر سولہ سو صلوات لاتے ہیں اس کتاب کو ایک مرتبہ پڑھے تو اسے فرشتوں کی جانب سے ایک نیل اور ساٹھ کھرب صلوٰۃ وسلام کے ثواب کی سعادت حاصل ہوگی (جب فرشتوں کی کم سے کم تعداد ایک ارب فرض کرلی جائے) اس کتاب کو مسجد نبوی میں ایک مرتبہ پڑھنے پر ۸۰ ملیوں، مسجد الحرام میں پڑھنے والے کو ۱۶۰ ملیوں درود وسلام کا اجر و ثواب حاصل ہوگا جسے مولانا نے احادیث نبوی سے ثابت کیا ہے شائقین تفصیلات اور دلائل کتاب کے مقدمہ میں دیکھ سکتے ہیں۔

کتاب کے آخر میں مولف نے مفصل مقدمہ لکھا ہے جس میں درود شریف کے فضائل اور اس سلسلہ کے احادیث کی جامع توضیح کی گئی ہے الغرض کتاب کیا ہے عشق ومحبت کا خزینہ، معرفت و والہیت کا گنجینہ اور محبین مخلصین کے لیے ایک ہدیہ ثمینہ ہے۔

کاغذ عمدہ آرٹ پیپر، طباعت رنگدار کلر سکیم جاذب قلب ونظر جلد بندی مضبوط الغرض مضامین کی طرح طباعت بھی مرداں چنیں میں کنند کا مصداق ہے۔

© rasailojaraid.com